10776-ایمان میں اضافے کے اسباب

سوال

ایمان میں اضافے کے کون کون سے اسباب ہیں ؟

پسندیدہ جواب

ایمان میں اضافے کے کئی اسباب ہیں :

پہلا سبب : اللہ تعالی کے اسماء وصفات کی معرفت :
بلاشک انسان کو اللہ تعالی کے اسماء وصفات کی معرفت جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی اس کا ایمان زیادہ ہوگا اسی لئے آپ اہل علم کو جنہیں اللہ تعالی کے اسماء وصفات کا علم دوسروں سے زیادہ ہوتا ہے انہیں ایمان میں دوسروں سے قوی الایمان پائیں گے ۔

دوسرا اسبب : اللہ تعالی کی کونی [کائنات اور مخلوقات] اور شرعی [قرآنی آیات ، احادیث و معجزات نبویہ ، اسلامی احکام وغیرہ] نشانیوں میں غور وفکر :
تو انسان جتنا زیادہ کائنات کی مخلوقات میں غور وفکر کرے گا اتنا ہی اس کا ایمان زیادہ ہوگا ، فرمان باری تعالی ہے :
.{وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِلْمُوقِنِينَ (20) وَفِي أَنْفُسِكُمْ أَفَلَا تُبْصِرُونَ}.
ترجمہ : اور یقین کرنے والوں کے لئے تو زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں اور خود تمہاری ذات میں بھی تو کیا تم دیکھتے نہیں ہو!؟ [الذاریات : 20–21]
اس بارے میں بہت سی آیات ہیں ، اس سے میری مراد وہ آیات ہیں جن میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ غور وفکر کرنے سے انسان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے ۔

تیسرا اسبب : کثرت عبادت :
کیونکہ انسان جتنی زیادہ عبادت کرے گا اس کا ایمان بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا چاہے یہ عبادت قولی ہو یا فعلی کیونکہ اللہ کا ذکر ایمان کی مقدار اور معیار کو زیادہ کرتا ہے ، اس کے علاوہ نماز روزہ اور حج بھی ایمان کی مقدار اور معیار میں اضافے کا باعث بنتے ہیں ۔ .